Dengue Awareness Campaign

ڈینگی کا خاتمہ ہم سب کا قومی فریضہ ہے۔

ڈینگی بخار:

یہ بخار ایک خاص قسم کے مچھر کے کاٹنے سے ہوتا ہے۔ اس مچھر کی پہچان یہ ہے کہ اس کے جسم پر زیبرا کی طرح سفید اور کالی دھاریاں ہوتی ہیں اور یہ صرف دن کے وقت کاٹتے ہیں۔

بیماری کی تصدیق:

جسم میں اس بیماری کے وائرس کی موجودگی کی تصدیق صرف لیبارٹری میں خون کی جانچ کے زریعے ہی ممکن ہے۔

علامات:

1. کمر، جسم اور جوڑوں میں درد
2. آنکھوں کے ڈھیلے میں درد
3. جسم پر دھبوں کی موجودگی
4. شدید سر درد، نزلہ اور زکام
5. خون میں سفید خلیات کی کمی
6. شدید بیماری کی صورت میں جسم کے مختلف حصوں مثلاً منہ اور ناک سے خون کا جاری ہونا۔

احتیاطی تدابیر:

1. اپنے گھروں اور دفاتروں کو مچھروں سے محفوظ رکھیں۔

2. دروازوں اور کھڑکیوں پر جالی لگوائیں۔

3. سوتے وقت مچھر دانیوں کا استعمال کریں۔

4. پوری آستینوں والے کپڑے پہنیں۔

5. چھتوں کی ٹینکیوں اور پانی سے بھرے برتنوں کو ڈھانپ کر رکھیں۔

6. فیکٹری میں اور فیکٹری سے باہر پانی جمع نہ ہونے دیں۔

7. کیاریوں اور گملوں میں ایک دن چھوڑ کر صبح کے وقت پانی دیں۔

8. گھروں اور دفاتر کو روشن، ہوادار رکھیں اور نمی سے محفوظ رکھیں۔

9. فیکٹری اور گھروں میں صفائی کا خاص خیال رکھیں۔